شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

17نومبر2023ء

پریس ریلیز

نگران وزیر اعظم کا افغانستان کی حکومت کو ناجائز قرار دینا غیر مناسب اور سفارتی اداب کے خلاف ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): نگران وزیراعظم کا افغانستان کی حکومت کو ناجائز قرار دینا غیر مناسب اور سفارتی اداب کے خلاف ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔اُنہوں نے کہا کہ اگر حالات کے جبر نے امتِ مسلمہ کو دنیا بھر میں الگ الگ قومی حکومتیں قائم کرنے پر مجبور کر ہی دیا ہے تو پھر انہیں عدم مداخلت کے اصول پر بھی سختی سے عمل کرتے ہوئے ایک دوسرے کے اندرونی معاملات پر تبصرہ کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ اُنھوں نے کہا کہ افغانستان اور پاکستان نہ صرف برادر اسلامی ممالک ہیں بلکہ ان کی سرحدیں بھی ایک دوسرے سے ملتی ہیں لہٰذا وہ ہمسائے بھی ہیں۔ اُنھوں نے کہا کہ اخوت اور ہمسائیگی کا تقاضا ہے کہ ہم اپنے تعلقات باہمی احترام کی بنیاد پر استوار کریں اور ہر قسم کی تلخ نوائی سے گریز کریں اور تمام باہمی تنازعات کو مذاکرات کرکے افہام و تفہیم سے طے کر لیں۔ ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی بجائے تمام معاملات میں باہمی تعاون سے آگے بڑھیں۔ اُنھوں نے کہا کہ بعض واقعات سے یوں معلوم ہوتا ہے کہ ایک عالمی طاقت دونوں ممالک میں کشیدگی پیدا کرنے پر تلی ہوئی ہے۔ ہمیں اسلام دشمن طاغوتی قوتوں کے ان حربوں کو ناکام بنا کر اسلامی اخوت کی بنیاد پر باہمی تعلقات کو مستحکم کرنا ہوگا۔ اُنھوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ ایک دوسرے کے معاملات میں مداخلت کرنے سے اجتناب کیا جائے گا تاکہ ایک دوسرے کی مدد اور باہمی تعاون سے دونوں ممالک مضبوط ہوں اور اسلام دشمن طاقتوں کی سازشوں کو ناکام بنایا جاسکے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان